آسٹریلوی حکومت کے Code of Behaviour اور Bridging Visas

آسٹریلوی حکومت کا Code of Behaviour (طرز عمل کا ضابطہ) آپ کیلئے اہم ہے اگر آپ کے پاس Bridging Visa E (بریجنگ ویزا ای) ہے یا ایک حاصل کر رہے ہیں۔

Code of Behaviour یہ وعدہ ہے کہ آپ آسٹریلوی قوانین اور قواعد پر عمل کریں گے۔ یہ معلوماتی پرچہ آپ کو Code of Behaviour کے تحت اپنے قانونی حقوق اور ذمہ داریوں سے متعلق آگاہ کرتا ہے۔

Code of Behaviour
for Subclass 050 Bridging (General)
visa holders

Australian Government
Department of Immigration
and Border Protection

(Urdu)

Code of Behaviour — قانونی معلومات

Code of Behaviour کیا ہے؟

Code of Behaviour یہ وعدہ ہے کہ آپ آسٹریلوی قوانین اور قواعد پر عمل کریں گے۔ یہ ایک فارم ہے جس پر آپ دستخط کرتے ہیں۔ Bridging VisaE* حاصل کرنے یا اس کی تجدید کرانے کیلئے آپ کو Code of Behaviour پر دستخط کرنے ہوں گے۔ Code of Behaviour کچھ یوں دکھائی دیتا ہے۔


Australian Government
Department of Immigration and Border Protection

Code of Behaviour
for Subclass 050 Bridging (General) visa holders

Form 1443

اگر آپ نہیں جانتے کہ آپ کے پاس کون سا ویزا ہے، تو Department of Immigration and Border Protection سے پتہ کر لیں یا اپنے کیس ورکر سے ویزے کی قسم معلوم کرنے کیلئے مدد طلب کریں۔

اگر مجھے آسٹریلیا کے قوانین اور قواعد کے بارے میں زیادہ نہ معلوم ہو تو کیا ہو گا؟

آسٹریلیا میں بہت سے قوانین اور قواعد ہیں۔ آسٹریلیا میں موجود تمام لوگ ان قوانین اور قواعد کی پیروی کرنے کے پابند ہیں۔ قانون کے تحت تمام لوگوں کو حقوق حاصل ہیں۔

یہ علم رکھنا آپ کی ذمہ داری ہے کہ آپ کیلئے کن قوانین پر عمل کرنا ضروری ہے۔ ایسا شاید منصفانہ محسوس نہ ہو، لیکن یہ بہانہ نہیں چلتا کہ "مجھے قانون کے بارے میں معلوم نہیں تھا"۔ اگر آپ کو قانونی معلومات اور مدد کی ضرورت ہو تو آپ اس معلوماتی پرچے کے آخر میں درج خدمات سے مفت معلومات اور مدد حاصل کر سکتے ہیں۔

اگر میں قوانین پر عمل نہ کروں تو کیا ہوگا؟

اس کا مطلب ہے کہ آپ نے Code of Behaviour کی خلاف ورزی کی ہے اور Department of Immigration آپ کا ویزا منسوخ کر سکتا ہے۔

آپ کے اس قسم کے قوانین کو توڑنے کی صورت میں ڈیپارٹمنٹ ایسا کر سکتا ہے:

- اگر آپ خطرناک انداز میں گاڑی چلائیں یا یہ یقینی نہ بنائیں کہ آپ کی گاڑی چلائے جانے کیلئے محفوظ ہے۔
- اگر آپ کسی کو نقصان پہنچائیں یا کسی کے ساتھ تشدد کریں۔

Department of Immigration آپ کا ویزا اس صورت میں بھی منسوخ کر سکتا ہے اگر آپ:

- ایسے کام کریں جن سے معاشرہ بہت غیر محفوظ محسوس کرے۔
- وہ کام نہ کریں جن کی ڈیپارٹمنٹ نے ہدایت کی ہو مثال کے طور پر کسی اہم ملاقات کیلئے نہ آئیں

اگر میرا ویزا منسوخ کر دیا جائے تو کیا ہو گا؟

ویزا منسوخ کرنے سے پہلے ڈیپارٹمنٹ آپ کو ایک انتباہ کر سکتا ہے یا ویزے کی کچھ شرائط کو تبدیل کر سکتا ہے

جب ایک Bridging ویزا منسوخ کیا جاتا ہے، تو آپ کو غالبا امیگریشن حراستی مرکز میں لے جایا جائے گا۔

کیا میں Code of Behaviour کے بارے میں مزید معلومات حاصل کر سکتا ہوں؟

اگر آپ کو ٹھیک سے معلوم نہ ہو کہ آپ کو کیا کرنا ہے تو اپنے کیس ورکر سے مدد طلب کریں۔ اگر Code of Behaviour کے بارے میں آپ کوئی سوالات پوچھنا چاہتے ہیں تو اپنے کیس ورکر سے پوچھیں کہ آپ کہاں سے مزید معلومات حاصل کر سکتے ہیں یا درج ذیل اداروں سے رابطہ کریں۔

کیا ایک وکیل میری مدد کر سکتا ہے؟

آپ مفت قانونی مدد حاصل کر سکتے ہیں اگر:

- آپ مصیبت میں ہوں یا آپ کو لگے کہ آپ قانون کی گرفت میں آنے والے ہیں
- آپ کا ویزا جلد ہی ختم ہو جائے گا اور آپ ماضی میں ایسے معاملات میں گرفت میں آ چکے ہوں۔
- آپ کو لگے کہ ڈیپارٹمنٹ آپ کا ویزا منسوخ کر سکتا ہے۔
- آپ کو 'ویزا منسوخ کرنے کے ارادے کا نوٹس' ملتا ہے۔

قانونی ادارے فوجداری قانون اور دیگر قانونی مسائل کے بارے میں مشورہ فراہم کرتے ہیں اور وضاحت کرتے ہیں کہ آپ کہاں سے امیگریشن قانون کے بارے میں مشورہ حاصل کر سکتے ہیں۔

انتظار مت کریں۔ فوری طور پر قانونی مشورہ حاصل کرنا بہت اہم ہے۔

مفت قانونی معلومات اور مشورہ کیلئے یہاں

NT Legal Aid Commission
1800 019 343 www.ntlac.nt.gov.au

Cth Ombudsman 1300 362 072
www.ombudsman.gov.au

تحریری مترجمین اور زبانی مترجمین

Translating and Interpreting Service (TIS) پر 13 14 50 کو کال کریں اور قانونی ادارے کے نمبر پر کال کرنے کیلئے زبانی مترجم مانگیں۔ قانونی ادارے کو اپنے ویزا کے بارے میں بتائیں تاکہ وہ آپ کو صحیح معلومات دے سکیں۔ انہیں بتائیں کہ یہ فوری توجہ طلب معاملہ ہے۔